ڈپٹی کمشنر ضلع آباد ذوالفقار کرار نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل خان اور تمام اکائیوں کے اشکایات اور کمشنر ضلع آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایات کی روشنی میں کھلی کچہری کا مقصد عوامی مسائل کو براہ راست اور فوری حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات اور مسائل کے حل کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں گے، کسی کوتاہی عوام کے مسائل حل کرنا انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ اپنی گفتگو نے مزید کہا کہ عوامی خدمت کو ترجیحی بنانے کے لیے تمام کھلی کچہریوں کی مانیٹرنگ کی جاری ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ کھلی کچہری کے علاوہ بھی روزانہ کی بنیاد پر بلا جھجک اپنے مسائل سے آگاہ کرتے رہیں تاکہ انتظامیہ بلا تاخیر ان میں ان کے مسائل کا حل فراہم کرسکے۔

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 127/2025 درخواست گارڈین شپ

نادیہ خان ولد عبدالحسین سکنہ مکان نمبر 39221-7-68 محلہ ناصر آباد ولد مدار روڈ کوئٹہ بنام 1۔ امداد حسین ولد مرزا حسین سکنہ محلہ ناصر آباد ولد مدار روڈ کوئٹہ موجودہ آسٹریلیا 2۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: بنام مدعیہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 9/12/2025 مقرر ہوچکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج مورخہ 26/11/2025 کو بدستخط دست و مہر عدالت سے جاری ہوا

62423

اطلاع عام

سی ڈی سی شیئرز جنرل سروس لمیٹڈ کے 5000 پیس شیئرز (حصص) فولیو نمبر 2486 (منفرد نمبر 1674547001 سے لیکر 1674549000 تک) فولیو نمبر 2571 (منفرد نمبر 1675100001 سے لیکر 1675103000 تک) بنام محمد طارق جمالی ولد محمد اسلم جمالی (Folio#2811) گم ہوگئے ہیں اگر 7 دن کے اندر اندر کسی دعویٰ یا اعتراض شیئرز (حصص) پتہ آفس CDC ہاؤس نمبر B-99 بلاک S.M.C.H.S-B مین شاہراہ فیصل کراچی کو موصول نہ کیا تو سرٹیفکیٹس کی نقول کا بیان حصص کے اصلی بلاک کو کمپنی کی طرف سے جاری کردی جائیں گی

نمائندہ

بعدالت جان محمد سیالی جی نائب تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم سبی

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سید عباسہ نسین شاہ گاگی ولد سید عدیل شاہ گاگی نے ایک تعلقہ تحریری درخواست جو معلقہ بیان اپنی شرائط قانونی ہمراہ مثلی فیس مقدار دوا ارائی دعنتہ جاسد مرکزی جامع مسجد احمد پور ڈاکٹر کے تبادلہ کی کہ اس کا والد حضرت سید عدیل شاہ ولد سید محمد شاہ گاگی انتقال کر چکا ہے جس کی اراضی زیر کھاتہ نمبر 1/1426 قطعہ 2 رقبہ تقدادی 9892 مربع فٹ فیز نمبر ٹین سیکٹر ایف۔ غیر مسجد کلیئر، غیر نمبر ٹین میں ہے اور متوفی کا ایک ہی وارث ہے جو کہ سید عدیل شاہ گاگی ہے اور متوفی کا کوئی اور وارث نہیں ہے اور متوفی کا کوئی اور وارث نہیں ہے اور متوفی کا کوئی اور وارث نہیں

روزنامہ مشرق کوئٹہ

عوامی اعتماد کی بحالی کیلئے صوبے میں اچھی طرز حکمرانی اور پراپر ڈیلیوری ناگزیر ہے

مکالمہ: جعفر ترین
لے آؤٹ: وسیم شہزاد پال

بلوچستان کا ایک ہزار ارب کا بجٹ ہے اگر ہم یہ ایک ہزار ارب صحیح طریقے سے خرچ کریں تو صوبے کے نوے فیصد مسائل حل ہو جائیں گے

صحت اور تعلیم کے شعبوں کو اگر وفاق لے جانا چاہتا ہے تو لے جائے، مرکز کے پاس کیپیسٹی ہے، ہمارے پاس نہیں، ہم پرائمری ایجوکیشن تک نہیں چلا سکتے

مستقل فنڈنگ اور نگرانی ہو تو بلدیاتی نظام بہترین گراس روٹ سسٹم ہے تاہم اس وقت جبکہ مدت پوری ہونے میں چند ہی مہینے رہ گئے بلدیاتی انتخابات کا انعقاد وقت اور وسائل کا ضیاع ہے

صوبے کا روشن مستقبل ہمارے بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت سے مشروط ہے، میں بے دست و پا نہیں بلکہ طاقتور گورنر ہوں اور میری طاقت میرے وہ اٹھارہ ممبران ہیں جو بلوچستان اسمبلی میں بیٹھے ہیں

اتحادی جماعتوں کے مابین اچھے تعلقات ہیں، وفاق اور صوبہ مل کر کام کریں گے تو صوبے میں ترقیاتی عمل تیز اور مسائل حل ہوں گے، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی مشرق سے خصوصی بات چیت

پارلیمانی لحاظ سے بلوچستان کو عام طور پر قوم پرست اور مذہبی جماعتوں کا گڑھ سمجھا جاتا ہے تاہم یہاں ایک وسیع اور بہت گہرا ووٹ بینک شخصیات کا بھی ہے۔ کچھ شخصیات قانونی بنیادوں پر ووٹ بینک رکھتی ہیں اور کچھ شخصیات ایسی ہیں جو قانونی سے زیادہ سیاسی اور سماجی بنیادوں پر ووٹ بینک بنانے میں کامیاب ہوئیں انہیں شخصیات میں شیخ جعفر خان مندوخیل بھی شامل ہیں۔ جس بھی جماعت میں جاتے ہیں کامیاب ہو جاتے ہیں ان دنوں وہ گورنر بلوچستان ہیں اور یہ عہدہ انہوں نے 6 مئی 2024 کو سنبھالا۔ ان کا سیاسی سفر ایک طویل اور کامیاب تاریخ پر مشتمل ہے۔ وہ بلوچستان کے اہم سیاستدان ہیں اور ان کی سیاسی زندگی کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ ان کی شخصیت اور سیاسی بصیرت نے انہیں نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک میں ایک نمایاں مقام دلوایا ہے۔

جعفر خان مندوخیل 26 دسمبر 1956 کو ضلع ژوب میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم انہوں نے بنٹ فرانسس گرائمر اسکول سے حاصل کی، اور بعد میں یونیورسٹی آف بلوچستان سے ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی۔ ان کی تعلیم نے ان کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کی۔ ایام جوانی سے سیاست میں آگئے تھے 1990 میں پہلی بار بلوچستان اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے اور پھر پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا مسلسل چھ بار رکن بلوچستان اسمبلی منتخب ہوئے اور اس دوران مختلف اہم وزارتوں میں خدمات انجام دیں۔ ان کی وزارتوں میں تعلیم، خزانہ اور داخلہ جیسے اہم شعبے شامل ہیں۔ ہر وزارت میں ان کا کام اور نام نمایاں رہا۔

جعفر خان مندوخیل کی سیاسی مہارت اور حکمت عملی انہیں صوبے کے ہم عصر سیاستدانوں میں نمایاں و ممتاز بناتی ہے۔ ان کی جماعت، پاکستان مسلم لیگ (ن)، کے صوبائی صدر کے طور پر ان کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان اسمبلی میں 18 نشستوں کے ساتھ اکثریتی جماعت بن چکی ہے۔ سیاسی بصیرت اور تجربے کی صلاحیت نے انہیں بلوچستان کی سیاسی فضا میں ایک اہم اور موثر شخصیت کے طور منوایا ہے۔ جعفر خان مندوخیل کی سیاست میں اہم ترین پہلوان کی سیاسی گفت وشنید کی مہارت ہے۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی سیاسی صورتحال میں بہترین فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہیں سیاسی جوڑ توڑ کا ماہر سمجھا جاتا ہے، مگر ان کا انداز ہمیشہ سمجھا ہوا اور دور اندیش رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے حریفوں کے درمیان بھی ایک باعزت مقام رکھتے ہیں۔

5 مئی 2024 کو پاکستان مسلم لیگ (ن) نے جعفر خان مندوخیل کو بلوچستان کے گورنر کے لیے اپنا امیدوار نامزد کیا، اور 6 مئی کو صدر مملکت آصف علی زرداری کے ان کی تقرری کی منظوری دی۔ اس کے بعد جعفر خان مندوخیل نے گورنر کے طور پر اپنے عہدے کا حلف اٹھایا اور کام شروع کیا

جعفر خان مندوخیل کی سیاست میں ہمیشہ عوامی مفادات اور صوبے کی ترقی اہم رہے ہیں۔ ان کا ماننا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے، اور صوبے کی ترقی کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک ساتھ آنا ہوگا۔ ان کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے بلوچستان میں ایک مضبوط سیاسی قوت کی شکل اختیار کی ہے، اور ان کی قائدانہ صلاحیتیں ان کے ساتھیوں کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بنی ہیں۔ ان کی سیاسی زندگی کی کامیابیاں صرف بلوچستان کے مسائل حل کرنے کے لیے نہیں بلکہ پورے ملک کے لیے بھی ایک مثال ہیں۔ بطور سیاستدان ان کی شخصیت کے ایک اہم پہلو کا ذکر ضروری ہے اور وہ یہ کہ جعفر خان مندوخیل بھیڑ چال کا شکار نہیں رہتے۔ شکیب جلالی کے شعر ''ہم اس سے بچ کر چلتے ہیں جو راستہ عام ہو جائے'' کی تصویر پیش کرتے ہیں۔ پہلے حالات کا تجزیہ کرتے ہیں پھر جب اپنی رائے قائم کرتے ہیں تو اس مجتمعت میں نہیں پڑتے کہ لوگ کیا کہیں گے۔ یعنی وہ پاپولر موقف سے زیادہ حقیقی موقف پر یقین رکھتے ہیں جس کی دو بڑی مثالیں ایک اٹھارہویں ترمیم ہے اور دوسری بلوچستان عوامی پارٹی۔ بلوچستان عوامی پارٹی کی تشکیل کے وقت بلوچستان میں ایک ہوا چلی ہوئی تھی جعفر خان مندوخیل الگ تھلگ رہے۔ اس سے بھی چند برس پیشتر جب بہت سے لوگ اٹھارہویں ترمیم پر پھولے نہیں سما رہے تھے اس وقت چند ہی لوگ یہ اختلافی رائے دے رہے تھے کہ صوبوں پر اضافی بوجھ آئے گا کیونکہ نہ تو انفراسٹرکچر ہے اور نہ ہی پیسٹی بلڈنگ۔ گورننس کے بھی ایشوز ہیں اس لئے مسائل کا سامنا ہوگا آج بھی جب بہت سے لوگ اٹھارہویں ترمیم پر جذباتیت کی حد تک کوئی بات سننا نہیں چاہتے جعفر خان مندوخیل بیانگ دہل کہتے ہیں کہ صوبے کے پاس پیسٹی نہیں اور ہم پرائمری ایجوکیشن تک نہیں چلا سکتے، اساتذہ کی تنخواہیں نہیں دے سکتے اس لئے ترمیم ہی سے شروع ہوئی ڈیل میں اس صوبے کا احوال قارئین مشرق کی نذر ہے۔

مشرق: گورنر صاحب، بہتر شکریہ وقت دینے کا۔ ابھی آپ یہ بات کر رہے تھے کہ تعلیم اور صحت کے شعبے وفاق واپس لیتا ہے تو لے جائے۔ اس بات کی تو بہت مخالفت ہوئی، بلوچستان کی سیاسی جماعتیں اس کے برعکس موقف رکھتی ہیں

جعفر خان مندوخیل: میں نے اٹھارہویں ترمیم کی تیاری کے وقت سیاسی جماعتوں کو کہا تھا کہ پہلے پیسٹی بلڈنگ کر لیں اس کے بعد خود وفاق ری لے لیں آج سب اسی نکتے پر آ رہے ہیں کہ وفاق کے پاس پیسٹی ہے، انفراسٹرکچر ہے، ہمارے پاس نہیں ہے

مشرق: کیسے حل ہوں گے معاشی اور سیاسی مسائل؟

جعفر خان مندوخیل: بلوچستان کو اس وقت مختلف چیلنجز اور مسائل کا سامنا ہے مگر یہ سارے مسائل حل ہو سکتے ہیں خواہ وہ سیاسی ہوں یا پھر معاشی مسائل۔ بلوچستان کا ایک ہزار ارب کا بجٹ ہے اگر ہم یہ ایک ہزار ارب صحیح طریقے سے خرچ کریں تو صوبے کے نوے فیصد مسائل حل ہو جائیں، وفاق بھرپور معاونت کر رہا ہے وفاق کی مدد کے بغیر ہم کچھ نہیں ہوتے اور ایجوکیشن پارٹنرز کے باہمی تعلقات بھی بہت اچھے ہیں تاہم بلوچستان کے سیاسی اور معاشی مسائل کے حل کے لئے مزید بہتری لانے کی ضرورت ہے۔

مشرق: کیسے حل ہوں گے معاشی اور سیاسی مسائل؟

جعفر خان مندوخیل: بلوچستان کو اس وقت ہزار ارب کا بجٹ ہے اگر ہم یہ ایک ہزار ارب صحیح طریقے سے خرچ کریں تو صوبے کے نوے فیصد مسائل حل ہو جائیں، وفاق اور صوبائی حکومتوں کو مل کر کام کرنا ہوگا اسی طرح سے مسائل حل ہوں گے۔ کہ وفاق اور صوبے کے مابین بھی مثالی تعلقات ہیں۔ ہمارے پاس وسائل ہیں ہم انہیں بروئے کار نہیں لا سکتے ہماری پیسٹی ہی نہیں ہے اس تناظر میں یہ کہوں گا کہ پہلے پیسٹی بلڈنگ کریں پھر چیزیں لے کر آئیں۔ ہم اپنا بنیادی اسٹرکچر کبھی شاید موٹر طریقے سے نہ چلا سکے پرائمری تعلیم تک ہمارا نظام کمزور ہے۔ ہم تو پرائمری ایجوکیشن تک نہیں چلا سکتے۔

مشرق: صوبوں نے اٹھارہویں ترمیم کے بعد کئی برسوں تک قوانین ہی مرتب نہیں کئے۔ بلوچستان میں صورتحال زیادہ ابتر ہے اور جماعتیں بھی ترجیحی بنیادوں پر کام نہیں کرتیں۔ آپ لوگوں کی کوآرڈی نیشن کیسی ہے؟

جعفر خان مندوخیل: بہت اچھی کوآرڈی نیشن ہے مگر پیچیدگیاں بھی ہیں اور پیچیدگیاں اسی لئے ہیں کہ بہت سے شعبے ہمارے پاس آگئے ہم انہیں صحیح طریقے سے نہیں چلا پا رہے ہماری پیسٹی کم ہے وفاق کے پاس پیسٹی ہے انفراسٹرکچر ہے جب وفاق اور صوبہ مل کر کام کریں گے تو ترقیاتی عمل تیز ہوگا۔ ہم خود نہیں کر سکتے جب تک وفاق کی مدد اور رہنمائی نہ ہو۔ اس کی ایک مثال ریکوڈک پراجیکٹ کی ہے۔ ہم نے اسے خود چلانے کے دعوے کئے اعلانات کئے مگر نتیجہ کیا نکلا اربوں ڈالرز کا جرمانہ۔ کیسوں پر الگ سے اخراجات اور نتیجہ پھر بھی کوئی نہیں نکلا۔ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لئے جب تک پیسٹی بلڈنگ نہیں ہوتیں اس وقت تک صوبے کے پاس زیادہ ادارے نہیں آنے چاہئیں اس وقت ان لوگوں نے میری بات نہیں مانی آج رفتہ رفتہ اسی جانب آ رہے ہیں۔ ہماری پیسٹی نہیں ہے۔ جو چیزیں آئے اٹھارہویں ترمیم کے بعد ان سے کوئی قابل ذکر کام نہیں ہوا۔ آپ دیکھیں مرکز کے مضبوط کوادر پھر ہمارے منصوبوں کا جائزہ لیں۔ وفاق نے میرانی ڈیم اور سکولی ڈیم بنائے بہت کامیاب ہیں۔ اور اس کے برعکس جو ہمارے ڈیم ہیں ان کو آپ دیکھیں۔ پہلی بارش میں بہہ جاتے ہیں یہ سب کیوں ہو رہا ہے ہم نے پیسے خرچ کئے مگر ملک اور رعیت کے فوائد و ثمرات

تمام یونیورسٹیز میں جامع اصلاحات کی گئی ہیں جس کی بدولت ایچ ای سی کی یونیورسٹیز رینکنگ میں بلوچستان کی پوزیشن بہتر ہوئی اس وقت تربت یونیورسٹی پنجاب یونیورسٹی کے برابر کھڑی ہے، بلوچستان یونیورسٹی کا سکور 70 پلس، بیوٹمز 80 پلس اسکور پر ہے، ہم نے جامعات میں غیر ضروری اخراجات کم کئے، کلاسز کو باقاعدہ کیا، اور سینٹ کی میٹنگز اب تسلسل سے ہوتی ہیں غلطیوں اور بدانتظامی پر انکوائریاں ہوئیں اور اچھا کام کرنے والوں کو سراہا گیا، بی ایس پروگرام سے متعلق میرے بیان کی غلط تشریح کی گئی

سیاستدان کا کام ہی یہی ہے کہ وہ گفت وشنید کرے ورنہ ایک چیف سیکرٹری اور یونیورسٹی کا پروفیسر ہم سے زیادہ پڑھا لکھا ہوتا ہے حکومت کو چاہئے کہ جہاں سختی کی ضرورت ہے وہاں سختی کرے جہاں بات چیت سے معاملات حل ہو سکتے ہیں وہاں بات چیت کی جائے بدانتظامی اور بدعنوانی کو وہی چیزیں روک سکتی ہیں یا تو آپ کو خوف خدا ہو یا پھر آپ کی کریڈیبلٹی ہے سیاسی مسائل گفت وشنید سے حل ہوتے ہیں ناجائز نارافگی ہے اسے ختم کریں



مشرق: کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں جاری ہیں، امیدواروں کی الیکشن مہم جاری ہے اور ساتھ ہی مختلف سیاسی جماعتوں کے مابین بھی کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات سے متعلق گفت وشنید کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔ آپ اس بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں۔ بلدیاتی اداروں کی فعالیت ہونی چاہئے یا نہیں؟

جعفر خان مندوخیل: بالکل بلدیاتی ادارے فعال ہونے چاہئیں مگر اس طرح عجلت میں خانہ پری تو نہیں ہونی چاہئے۔ بلدیاتی ادارے فعال ہونے چاہئیں اگر دنیا کی طرح مستقل فنڈنگ اور سخت نگرانی کا پروفیسر ہم سے زیادہ پڑھا لکھا ہوتا ہے سیاستدان کا کام یہ ہے کہ جوڑ توڑ کرے گفت وشنید کرے یا ان چاہے کہ ہم اپنی آمدن بڑھائیں او راصلاحات لائیں اس طرح معاشی مسائل حل ہوں گے رہ گئے بلدیاتی نظام بہترین گراس روٹ سسٹم ہے۔ لیکن موجودہ حالات میں جب نومل نو مہینے رہ گئے ہیں جب تک یہ لوگ حلف اٹھا کر دفاتر سنبھالیں گے چار مہینے گزر گئے ہوں گے پانچ مہینوں میں یہ بے چارے کیا کر سکیں گے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ وقت، وسائل اور توانائی تینوں کا ضیاع ہے مگر اب الیکشن کمیشن نے فیصلہ کر لیا ہے کہ انتخابات کرانے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ پانچ مہینے میں نہ فنڈز ملتے ہیں نہ کارکردگی دکھائی جا سکتی ہے۔

مشرق: آپ اپنا فنڈس شعبہ میں خرچ کرتے ہیں؟

جعفر خان مندوخیل: میرے پاس کوئی فنڈ نہیں ہے۔ ویسے تو میری ترجیح تعلیم ہی ہے جب تک ہم اپنا تعلیم کا شعبہ بہتر اور درست نہیں کرتے ہیں کچھ نہیں ہوگا۔ میں اپنے بچوں کو کچی تعلیم نہیں دیں گے اس وقت تک یہ صوبہ بن ہی نہیں سکتا۔ اس کے بعد آبی ذخائر کی طرف متوجہ ہونے کی ضرورت ہے۔ زراعت بلوچستان کا سب سے بڑا شعبہ ہے مگر ہمارے صوبے میں نہری نظام نہیں ہے۔ ہم نے اپنی زراعت کے لئے اپنی معاشرت کے لئے اور اپنی آنے والی نسلوں کی خاطر آبی ذخائر محفوظ بنانے ہوں گے بدقسمتی سے ہمارے ہاں ڈیم ہی نہیں بنے وفاق نے جو بنائے ٹھیک بنائے ہم نے جو ڈیم بنائے پہلی بارش میں بہہ گئے۔ بڑے ڈیم بنانے چاہئیں جیسے میرانی ڈیم جس سے چھپن ہزار ایکڑ اراضی سیراب ہوتی ہے سکولی ڈیم جس سے نو دس ہزار ایکڑ زمین سیراب ہوتی ہے۔ ان دونوں شعبوں یعنی تعلیم اور آبی ذخائر پر توجہ مرکوز ہونی چاہئے۔ میری ترجیح یہی ہے مگر کیا کریں گورنر کے پاس پہلے سی دور میں ہوتا ہوگا ترقیاتی فنڈ اب نہیں ہے۔

مشرق: آپ میں اور باقی گورنر میں کیا فرق ہے؟

جعفر خان مندوخیل: فرق تو ہے۔ مجھ میں اور سابق گورنرز میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ میں بے دست و پا گورنر نہیں ہوں طاقتور ہوں اور میری طاقت میرے وہ اٹھارہ ممبران ہیں جو بلوچستان اسمبلی میں بیٹھے ہیں مسلم لیگ (ن) کے عوام کی بہت امیدیں وابستہ ہیں اور انشاء اللہ ہم کسی بھی لحاظ سے صوبے کے عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔

مشرق: ہاں واقعی آپ کے آنے کے بعد مسلم لیگ (ن) میں بہت زیادہ شمولیتیں ہوئیں اور مسلم لیگ (ن) ایوان کی بڑی جماعت بن گئی۔ یہ بتائیں کہ اتحادیوں کے مابین تعلقات کیسے ہیں؟

جعفر خان مندوخیل: جی بالکل۔ مسلم لیگ (ن) سے عوام کی بہت امیدیں وابستہ ہیں اور انشاء اللہ ہم کسی بھی لحاظ سے صوبے کے عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔ روکی اتحادیوں کے بیچ تعلقات کی بات تو بہت اچھے تعلقات ہیں ہم ملک اور صوبے کو مسائل کے دلدل سے نکالنے کے لئے اکٹھے ہوئے ہیں مشترکہ طور پر آگے بڑھ رہے ہیں۔

مشرق: گورنر صاحب۔ آپ نے آبی ذخائر کی بات کی۔ حکومت جن بڑے منصوبوں یا اقدامات کا کریڈٹ لیتی ہے ان میں ایک زرغی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن بھی ہے۔ اس سے بجلی بحران میں تو کمی واقع ہوئی ہے مگر آبی ذخائر پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں دھڑا دھڑ پانی نکالا جا رہا ہے

جعفر خان مندوخیل: دیکھیں۔ زراعت بلوچستان کا سب سے بڑا پیداواری شعبہ ہے۔ صوبے کے زمینداروں کو مسائل کا سامنا تھا ایک عرصے سے یہ مطالبات چلا آ رہا تھا اب جا کر اس حکومت نے اس پر عمل کیا یہ ایک اچھا فیصلہ ہے جس کی تائید و حمایت ہونی چاہئے ہاں یہ بھی سچ ہے کہ ہمارے ایجوکیشن نہیں ہے۔ جب تک دھوپ ہوتی ہے ٹیوب ویل چل رہے ہوتے ہیں اس پر چیک اینڈ بیلنس ہونا چاہئے۔

مشرق: واپڈا کی طرح گیس کے حوالے سے بھی شکایات ہیں۔ ایک شکایت فنڈاتی کمپنیوں سے ہے۔ یہ سب توجہ چاہتے ہیں۔

جعفر خان مندوخیل: کوئٹہ سمیت بلوچستان کے جن علاقوں میں گیس کی سہولت میسر ہے وہاں پریشر کا مسئلہ کافی عرصے سے چلا آ رہا ہے کہتی والے یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس کوئی قارون کا خزانہ تو نہیں ہے کہ لوگ ادائیگیاں نہیں کرتے اور ہم مفت گیس دیتے رہیں اور پے سے گیس کے ذخائر بھی تیزی سے کم بلکہ ختم ہو رہے ہیں۔ کمپنی کا موقف یہ ہے کہ یہاں کے صارفین بل نہیں دیتے پھر بھی مہربانی کر کے پرانہوں نے کوئٹہ میں گیس پریشر بہتر کی اور اوقات کار بھی بڑھا دیئے گئے تاہم فنڈاتی کرائے اب تک کم نہیں ہوئے جس سے بات کی جاتی ہے۔ ایئر لائنز والے سیدھے سیدھے کرائم کر رہے ہیں وہ باقی ملک کے مقابلے میں بلوچستان کے لوگوں سے کئی گنا اضافی کرایہ وصول کرتے ہیں ایئر لائنز والے بلوچستان کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں ان کے خلاف سخت ایکشن لینے چاہئیں ہم جلد ہی اس حوالے سے صوبے کو ریفرنس بھیجیں گے۔ فنڈاتی کمپنیوں کے خلاف ہم سخت ایکشن لینے چاہئیں کہ اس کے علاوہ اب کوئی چارہ باقی نہیں بچا۔

☆☆☆☆☆☆

مندوخیل: بہت اچھی کوآرڈی نیشن ہے مگر پیچیدگیاں بھی ہیں اور پیچیدگیاں اسی لئے ہیں کہ بہت سے شعبے ہمارے پاس آگئے ہم انہیں صحیح طریقے سے نہیں چلا پا رہے ہماری پیسٹی کم ہے وفاق کے پاس پیسٹی ہے انفراسٹرکچر ہے جب وفاق اور صوبہ مل کر کام کریں گے تو ترقیاتی عمل تیز ہوگا۔ ہم خود نہیں کر سکتے جب تک وفاق کی مدد اور رہنمائی نہ ہو۔ اس کی ایک مثال ریکوڈک پراجیکٹ کی ہے۔ ہم نے اسے خود چلانے کے دعوے کئے اعلانات کئے مگر نتیجہ کیا نکلا اربوں ڈالرز کا جرمانہ۔ کیسوں پر الگ سے اخراجات اور نتیجہ پھر بھی کوئی نہیں نکلا۔ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لئے

1

کاغذات نامزدگی

کاغذات نامزدگی جمع نہیں ہوئے۔ یاد رہے ریٹرننگ افسران کی جانب سے کاغذات نامزدگی منظور یا مسترد کرنے کے خلاف اپیلیں اپیلیٹ ٹریبونل کے پاس دائر کرنے کی آخری تاریخ 28 نومبر ہے۔

2

نواز شریف

بلنی پی ٹی آئی کی طرف اکیلا پھر نہیں بلکہ اسے اپنی جماعت میں، جماعت کے کیڈر میں، پی ٹی آئی کی جانب سے الیکشن کے بائیکاٹ کا کہا ہے یہ کیسا بائیکاٹ تھا جس میں عرایب کی تیم کی ایک نئی سوچ ہے۔ اس خیالات کا اظہار انہوں نے نوشکی، کوئٹہ اسٹی سے خطاب کرتے ہوئے کیا اور نواز شریف کے بائیکاٹ کے فیصلے پر تنقید کرتے ہوئے کہا، اللہ کے فضل سے بھیٹ، بلیٹری، جرنیلی اور تھے کو نکلت ہوئی تھی لوگوں کو ہم نے کام کر کر کے دکھایا۔ انہوں نے انتخابات میں کامیابی پر شہباز شریف اور مریم نواز کو مبارک دی تو ہوں، ساتھ ہی شہباز شریف اور مریم نواز کو یاد دلایا کہ 2018ء اور 2022ء کے دوران جو ہوا تھا اس کے دوسرا رائی پی ٹی آئی نے آپ کو مبارکباد دی ہے کہ آپ کیلئے یہ ترقی کا راستہ کھول دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم نے ایک ایسا فیصلہ کیا ہے کہ ہم نے کیا کیا ہے، کیا کیا ہے، کیا کیا ہے،

عزیز آباد فرنٹیئر کالونی عدالت بنانے کا کام پتھر کی نہیں ہوگا، جسٹس محسن اختر

میں جب تو چین عدالت کا ٹوئس کروں گا تو جسٹس پاپر ستار کی طرح نہیں کروں گا، میں اسی وقت تھنکٹری لگا کر جیل بھیج دوں گا

یہ بھی بے ایمانی ہے۔ حکومت لوکل باڈیز کے الیکشن نہیں کرائی، پرائیویٹ افراد کے سرکاری کام کیخلاف درخواست پر سماعت

اسلام آباد (ویب رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس محسن اختر کیانی نے ایک کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ جس ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) کو اس عدالت نے سزا دی ہوئی

چیئرمین جمعیت علماء اسلام (ف) مولانا فضل الرحمٰن سے مولانا عتیق محمود زرعی خان ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن ایم ٹی ورکشاپ کا افتتاح

ورکشاپ سے میں کیو ایم ای کی تمام سرکاری گاڑیوں کی مرمت و دیکھ بال ہوگی

کوئٹہ (اے پی پی) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ محمد نواز نے کوارٹر روڈ پر قائم ایم ٹی ورکشاپ کا باقاعدہ افتتاح کیا اور ورکشاپ کا مقصد میٹروپولیٹن کارپوریشن کی تمام سرکاری گاڑیوں کی مرمت، دیکھ بھال اور تکنیکی ضروریات کو ایک ہی مرکز پر معیار انداز سے پورا کرنا ہے، افتتاحی تقریب کے بعد ایڈمنسٹریٹر نے شرکت کی ..... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پالیسیوں میں تسلسل معاشی بہتری کے پیش خیمہ ہوسکتا ہے، گورنر ایس بی پی

پاکستان کو ایک مضبوط، پائیدار اور بیرونی دنیا سے مربوط معاشی ڈھب کے باذل پر منتقل ہونا چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) بینک دولت پاکستان (ایس بی پی) کے گورنر نجیب الحق کہا ہے کہ پاکستان کو مثبت معاشی اشاریوں کی کوششوں کے بجائے بنیادی پالیسیوں پر ایک مضبوط، پائیدار اور بیرونی دنیا سے مربوط معاشی ڈھب کے باذل پر منتقل ہونا چاہیے۔ پاکستان بزنس کونسل (پی بی سی) (کے سیفٹیٹ پر منعقدہ کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کے موقع پر ایس ایم ٹے اس ..... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی ایف سی ساؤتھ کی شہید ولید صالح بلوچ کے اہل خانہ سے ملاقات

میجر جنرل ہلال سرفراز نے شہید کے اہل خانہ سے تعزیت اور اظہار یکجہتی کیا

چیئرمین میجر عبدالمالک صالح بلوچ کے بھائی شہید ولید صالح بلوچ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ میجر جنرل ہلال سرفراز نے شہید ..... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

سوہابی پارلیمانی سیکرٹری انرجی میر اصغر خان سوہابی، ایس ایم ٹی ایس محمد آصف بلیک ملاقات کر رہے ہیں

ایران کی پاکستان اور افغانستان کے درمیان ثالثی کی پیشکش

پاکستان خطے کا اہم اور بہت ذمہ دار ملک ہے، قیام امن کے لیے ایران کردار ادا کرتا رہے گا، علی لاریجانی

پاکستان کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں، اسرائیل جنگ کے دوران پاکستانی حکومت و عوام نے ہماری حمایت کی

اسلام آباد (شاکر رحمان) ایرانی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری علی لاریجانی (ali larijani) کا کہنا ہے کہ پاکستان میں بہت اچھا استقبال ہوا ہے، پاکستان کا شکر گزار ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں، اسرائیل جنگ کے دوران پاکستانی حکومت اور عوام نے ہماری حمایت کی، پاکستانی عوام کے بہت شکر گزار ہیں۔ ایران اور پاکستان کے درمیان مضبوط اور دیرینہ تعلقات ہیں، ایران پاکستان اور افغانستان کے درمیان ثالثی کے لیے تیار ہے۔ پاکستان خطے کا اہم اور بہت ذمہ ..... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سیکرٹری اقلیتی امور سیف اللہ شاہ دوہ دیگر ٹکل اور افغان چینڈی کرافٹ کے گرینڈ نمائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ صفائی کے نظام کو ریڈیو سٹیشن کا ازالہ کیا جائے، کمشنر

ڈسٹمیلا ٹریٹمنٹ کا دورے، صفائی کوئٹہ اپروچ کے تحت ایس ایچ پالنظام تیار کیا جائے جو شفافیت اور کرپشن کا خاتمہ کرے

شرکی ڈھاڈر ہوں یا کوئٹہ کی جب شیری رہائشی ہوں یا تاجر اتحاد تنظیمیں کیساتھ مکمل تعاون کریں، صفائی سے متعلق جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کا کارکن زیر صدارت شہر میں صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن

حاجی علی مدد جتک سے رکن صوبائی اسمبلی جیا ئزیب بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

تائیوان میں مداخلت کی کسی بھی کوشش کو کچل دیں گے، چین

ہمارے پاس پختہ ارادہ، مضبوط عزم صلاحیت موجود ہے ، دفتر خارجہ

بیجنگ (م ذ) بیجنگ نے خبردار کیا ہے کہ وہ تائیوان میں مداخلت کی کسی بھی کوشش کو کچل دے گا۔ ترجمان وزارت خارجہ چین نے کہا ہے کہ جاپان کا تائیوان کے قریب میزائل نصب کرنا انتہائی خطرناک اور فوجی مہم جوئی ہے

کرانی روڈ میں گھر پر دس رکنی مسلح ڈکیت گروپ کا حملہ

مکینوں کو رسیوں سے باندھ کر لوٹ مار کی، مزاحمت پر اسرار کرنا ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی

اہل محلہ اور پولیس کی مدد سے دو ملزمان گرفتار، پورے گینگ کو گرفتار کیا جائے، متاثرین کا مطالبہ

کوئٹہ (ایوان اے) کرانی روڈ جمال خان اسٹریٹ میں گزشتہ شب دس رکنی مسلح گروہ نے جامی عبدالسلام کاکڑ کے گھر میں گھس کر ڈکیتی کی واردات کی۔ مسلح افراد نے گھر کے مکینوں کو رسیوں سے باندھ کر لوٹ مار کی۔ مزاحمت کرنے والے گھر کے فرد کو زدوکوب کیا گیا۔ بقیہ فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اہل محلہ اور پولیس کی پر وقت کارروائی کے نتیجے میں دو ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جن کے قبضے سے باندھ کر لوٹ مار کی۔ مزاحمت کرنے والے گھر ..... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبداللہ بابڑ ٹیلی روڈ کے تعمیراتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

اسرائیل کی جانب سے امن معاہدے کی خلاف ورزی تسویشناک ہے، مولانا

اسرائیل کی مسلسل خلاف ورزیوں پر حماس کا انتہائی مجبوری کے حالات میں امن معاہدے سے علیحدگی کا اعلان خطرناک ہوسکتا ہے

امن معاہدہ کے بعد بھی آئے روز اسرائیل کے جانب سے نہتے فلسطینیوں پر کسی نہ کسی بہانے بمباریاں اور فلسطینی عوام کی شہادتیں تشویشناک ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام انٹرنیشنل پاکستان کے امیر مولانا عبدالغفور ندوی مرکزی جنرل سیکرٹری مائیات حاجی حیات اللہ کا اور اور غزہ حماس کے جانب سے، روزانہ اسرائیل حماس امن معاہدے کی مسلسل خلاف ورزیوں کیساتھ اسرائیل امن معاہدے کی خلاف ورزیوں کے لیے لیے کی جانب قبضہ بلاوالنے پر اسرائیل کیخلاف عدم قبضہ پر حماس معاہدے کی قوتیں ..... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیکسٹائل نیٹ بڑھانے کیلئے ڈاکٹرز بیوٹی پارلرز و سیمنٹ سیکٹر کے آڈٹ کا فیصلہ

ڈاکٹرز کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے گا، کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں بڑے ڈاکٹرز کو نوٹس کا اجراء کر دیا گیا

ایف بی آر 2 ہزار نجی آڈیٹرز کی خدمات حاصل کر رہا، نجی آڈیٹرز ٹیکس دہندگان کی معلومات خفیہ رکھنے کے پابند

تیئوں بڑے شہروں میں 250 مہنگے ڈاکٹرز کی آمدن کا آڈٹ ہوگا، مہنگی کاسمیٹکس فروخت کرنیوالے ٹیکس دینگے

اسلام آباد (ڈاہ ماہ حمدان) ایف بی آر (ریونیو بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے پروفیشنل کے آڈٹ کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مختلف شعبوں کے 2 ہزار آڈیٹرز کی خدمات حاصل کرے گا، نجی ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی اور اٹھنا مامام میں پشاور اسپتال ہزارہ ڈویژن میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

نادرا اور محکمہ بلدیات کے مشترکہ رجسٹریشن ون ونڈو کاؤنٹر کا افتتاح

یونین کونسلوں سطح پر مراکز قائم ہونگے جہاں متنوع رجسٹریشن کی سہولیات یکجا میسر ہونگی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں شہری سہولیات کی جدید اور منظم فراہمی کے سلسلے میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں نادرا اور محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے اشتراک سے یونین کونسل سطح پر مشترکہ رجسٹریشن ون ونڈو کاؤنٹر کا افتتاح کیا گیا ہے۔ یونین کونسلوں کو مراکز قائم ہونگے جہاں متنوع رجسٹریشن کی سہولیات یکجا میسر ہونگی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں شہری سہولیات کی جدید اور منظم فراہمی کے سلسلے میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں نادرا اور محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے اشتراک سے یونین کونسل سطح پر مشترکہ رجسٹریشن ون ونڈو کاؤنٹر کا افتتاح کیا گیا ہے۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبداللہ بابڑ، ڈپٹی کمشنر پشین ..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابی امور میں صوبائی وزرا کی مداخلت بند جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

وزرا جھوٹے دعووں کے ذریعے عوام کو گمراہ کرکے انتخابی ماحول کو متاثر کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق سیکرٹری جنرل حاجی علی محمد اللہ خسن سنیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حاجی ولی محمد ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

مغوی ڈرائیور غلام حسین مینگل کو بازیاب کیا جائے، عمر جنگ

ریج کینال پر کام کرنے والے مزدوروں اور ملازمین خوف کا شکار ہوگئے

ڈی سی نصیر آباد فوری اقدامات اٹھائی تاکہ ملازمین میں خوف کی فضاء ختم ہو

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان یونائیٹڈ ایمپلائیز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر محمد عمر جنگ نے محکمہ ایریگیشن نصیر آباد کے ملازم ایکسیو ٹریڈ ڈرائیور غلام حسین مینگل کے سرکاری فرائض کے دوران ..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب کاکڑ اپنی ایس ڈی پی او اسپیکاٹ کے ہمراہ پیش رفت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اقتصادی استحکام اور عوامی فلاح میں اسٹریٹیجک منصوبوں کا کلیدی کردار ہے، چیف سیکرٹری

اسٹریٹیجک منصوبے صحت، تعلیم، اور معاشی مواقع میں بہتری لاتے ہیں اور طویل مدتی خوشحالی کی بنیاد ڈالتے ہیں، شکیل قادر خان

ان منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل کو یقینی بنانا ضروری ہے تاکہ مقررہ وقت پر نتائج حاصل ہوسکیں اور عوام کو ان کے حقوق ملیں

منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کے ذریعے معاشی استحکام کا اعتماد بڑھتا ہے اور حقیقی مقاصد موثر طور پر پورے ہوتے ہیں

کوئٹہ (ٹی این) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے ڈریمرمارٹ اسٹریٹیجک پارٹنرشپس کے اور سائٹ سٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں میں پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ اسٹریٹیجک منصوبوں کی اہمیت بہت زیادہ ہے کیونکہ یہ ترقی، اقتصادی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ان منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل کو یقینی بنانا ضروری ہے تاکہ مقررہ وقت پر نتائج حاصل ہوسکیں اور عوام کو ان کے حقوق ملیں۔ منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت ..... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

ترت، ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بزدار کے ساتھ وزیر داخلہ ڈاکٹر عبدالملک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

شہداء 26 نومبر کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، پشتونخوا میپ

چیئرمین محمود خان اچکزئی کی ہدایت پر تمام اضلاع میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے فاتحہ خوانی، تعزیتی ریفرنسز، مظاہروں کا انعقاد کیا گیا

سیاسی جمہوری جدوجہد کو بزور طاقت اور اپنا مینڈیٹ واپس مانگنے کی پاداش میں 26 نومبر کو جمہوری و پرامن احتجاج پر گولیاں چلائی گئی، عبدالرحیم زیارتوال

درجنوں کارکنوں کو شہید کردیا گیا، آج اپنی پارٹی کی جانب سے 26 نومبر 2024 کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، تعزیتی اجتماع سے خطاب

خوانی، تعزیتی ریفرنسز، مظاہروں کا انعقاد کیا گیا۔ پشین میں پشتونخواہ میپ کے ضلعی سیکرٹری عمر خان ترین، پی پی آئی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال اور پی ..... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

سوہابی وزیر لاکیوسلاک سردار فضل جمالی سے جمالیکی، دیگر وفود ملاقات کر رہے ہیں

بل بورڈ گرنے کی صورت میں نقصان کی ذمہ داری کون لے گا، آئینی عدالت

بل بورڈز نہایت خطرناک ہوتے ہیں، جنہیں کیلئے جان کو خطرہ میں نہیں ڈالا جاسکتا، جسٹس رضوی

نصب کرنے کی اجازت سے متعلق کیس پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے پارکس اینڈ ہیڈی کریاف رفاہ کے ریمارکس دیئے ہیں کہ بل بورڈز نہایت خطرناک ہیں، جنہیں کیلئے جان کو خطرہ میں نہیں ڈالا جاسکتا، آئینی عدالت کے چیئرمین جسٹس رضوی کے ریمارکس ہیں کہ بل بورڈز گرنے کی صورت میں نقصان کی ذمہ داری کون ..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں جاری ترقیاتی کام عوام کیلئے وبال جان بن گئے

متعدد اہم شاہراہوں کی توڑ پھوڑ کے بعد دوبارہ تعمیر کا کام انتہائی سست روی کا شکار ہے

کچھ شاہراہیں تعمیر کے نام پر بند، کچھ نامعلوم وجوہات کی بنا پر، عوام گھٹنوں پھنسے رہتے ہیں

کوئٹہ (ایس این) سوبائی وادا الحکومت کوئٹہ اس کے بعد شدید مشکلات کا شکار ہے، جہاں شہری روزانہ کی بنیاد پر ٹریفک جام کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ڈویژن کے اجلاس میں ..... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

وسائل سے مالا مال بلوچستان کے عوام امن و روزگار کو ترس رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

بلوچستان کے عوام کو مسائل، مشکلات اور پریشانیوں میں دھکیل کر لاوارث اور حکومت کو روکی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، صوبائی امیر بے آئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) واجد بیگ کے ہوٹل میں ضلعی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی ہوٹل مرکز اسپتال کیلئے کیلئے کیلئے تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں، ہم نے ..... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف صوبے بھر میں پولیس کی متعدد کارروائیاں

ایک ہفتے کے دوران کی گئی ٹارگٹڈ کارروائیوں میں مجموعی طور پر 35 ملزمان گرفتار

28 مقتول، 6 کیس اغوا، 8 اغوا، 708 کارتوس اور شراب و منشیات برآمد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس نے صوبے بھر میں ایک ہفتے کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور ٹارگٹڈ کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 35 ملزمان کو گرفتار کیا، جن سے قبضے سے 28 پستول اور 8 رائفل اٹھائے گئے، 708 کارتوس اور 36 میگزین برآمد کرلی گئیں۔ پولیس کے مطابق مقدمات ..... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

مشیر بلدیات امیر حمزہ ذہری کیلئے کوئٹہ اور تادادی مشترکہ رجسٹریشن ون ونڈو کاؤنٹر کا دورہ کر رہے ہیں

سیاست کو عبادت سمجھ کر عوام کی خدمت کا تہیہ کیا ہے، بخت محمد کاکڑ

مجموعی ترقی کے لیے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان تحریک انصاف پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے رات گئے نواں کلی میں روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے معیار پر کام ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ایک نئے ترقیاتی دور میں داخل ہو رہا ہے، میر سلیم کھوسہ

حکومت ترجیحات کی بنیاد پر عملی کام کو فوقیت دے رہی ہے، صوبائی وزیر مواصلات

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی پارلیمانی لیڈر اور وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک نئے ترقیاتی دور میں داخل ہو رہا ہے جہاں حکومت ترجیحات بنا رہی ہے۔ اس موقع پر ساتھ وفود سے ..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کیچ میں ترقی اور سہولیات کا تسلسل ناگزیر ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

عوامی فلاح و بہبود اور سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، بشیر بڑیچ

کیچ میں مجموعی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح سے متعلق بات چیت کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ڈسٹرکٹ کونسل کیچ اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی ڈاکٹر مالک بلوچ نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع کیچ کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح سے متعلق امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر ساتھ ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کول مائنرز اور کارکنوں اور عوام کی حفاظت حکومتی ذمہ داری ہے، اے این پی

ہرنائی انتظامیہ کا مائنرز کے تحفظ کیلئے پرائیویٹ مسلح لشکر تشکیل دینے کے اعلامات غیر قانونی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان ولی داد مہمانی نے ضلع ہرنائی میں کمشنر کے ہرنائی کے جانب سے کول مائنرز اور کھیلوں کے کوئلہ کمیشن مشینری اور بائیک کے تحفظ کے پرائیویٹ مسلح لشکر تشکیل دینے کے اعلامات کو غیر ..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی کارکنان بلدیاتی انتخابات میں اپنے امیدواروں کا بھرپور ساتھ دیں، نسیم الرحمٰن ملاخیل

بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کے تمام کارکن اور بھی خواہ اپنے امیدواروں کو کامیاب کرائیں تاکہ کوئٹہ کا میئر پی ایم ایل (این) کا کارکن بنے

ہم نے دیرینہ گلے شکوؤں کو دور کرتے ہوئے متحد ہو کر بلدیاتی انتخابات میں بریرینی کونسل اور وارڈ میں اپنے امیدواروں کو میدان میں اتارا ہے

چوکر احمد اور بادل امیدواروں کو کامیاب کرا میں تاکہ میئر بلوچ کا منتخب کرا کر کوئٹہ کی حالت زار کو بہتر بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلدیاتی وارڈ کے امیدوار اور سینئر رہنما فرید افغان کی رہائش پر پارٹی کارکنان اور بلدیاتی امیدوار ..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بلیلی روڈ ترقیاتی کام کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، ڈی سی کوئٹہ

دونوں اطراف کی سڑک کو ٹریک کے لیے کھولنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبداللہ بابڑ نے آج بیلی بلیلی روڈ پر جاری تعمیراتی کام کا دورہ کرتے ہوئے متعلقہ ہی رقبا اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیئرمین بلدیاتی ادارہ (NHA) کے افسران اور انجینئرز نے ڈپٹی کمشنر کو متعلقہ سلسلہ تعمیر کے متعلق عام رکاوٹ اور مشکلات کے ..... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پیر عبدالعزیز مجددی کا انتقال ناقابل تلافی نقصان ہے، سینیٹر عبدالقادر

حضرت کی وفات کی خبر سنتے ہی پورے ملک میں صدمے اور گہرے غم کی لہر دوڑ گئی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ عظیم صوفی بزرگ، علم و معرفت کے روشن مینار اور روحانی سلسلہ مجددیہ کے ممتاز عالم و مرشد حضرت پیر عبدالعزیز قادری مجددی کا انتقال علاقہ ..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

جج ناصر جاوید رانا کو کام سے روکنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد ہائی کورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس کا فیصلہ سنانے والے جج ناصر جاوید رانا کو کام سے روکنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا جب کہ دوران سماعت چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیے کہ میں نے بھی ..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

آسٹریلیا: برقع پہن کر احتجاج کرنے والی انتہا پسند خاتون سینیٹر معطل

پارلیمنٹ نے عوامی مقامات پر برقع پر پابندی کے لیے ان کا بل مسترد کر دیا تھا

بیجنگ بریڈ کیا تھا، جب عوامی مقامات پر برقع پر پابندی کے لیے ان کا بل مسترد کر دیا گیا، جس سے بعد انہوں نے احتجاجاً پارلیمنٹ کے اجلاس میں برقع پہن کر احتجاج کیا۔ پارلیمنٹ کے سینیٹ کے اجلاس کے دوران ایک خاتون سینیٹر نے برقع پہن کر احتجاج کیا۔ انہوں نے کہا کہ ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

یوکرین امن منصوبے پر پیشرفت کو تیار، ٹرمپ نے بھی نرمی دکھا دی

کہ مذاکرات میں یورپی اتحادیوں کو بھی شامل ہونا چاہیے، یوکرینی صدر

واشنگٹن (م ذ) یوکرینی صدر زیلنسکی نے کہا ہے کہ یوکرین امریکہ کی حمایت یافتہ امن فریم ورک پر پیش رفت کے لیے تیار ہے، اور وہ اس منصوبے کے متنازع نکات پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے براہ راست بات کریں گے۔ زیلنسکی کا کہنا ہے کہ ..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کلی درانی میں گیس کی بندش نے عوام کو سردی سے بے حال کر دیا

گیس غائب، لوگ سرد موسم میں ہیٹر چولہا اور گرم پانی کی بنیادی ضرورت سے محروم

کوئٹہ (ایوان اے) کوئٹہ کے علاقے کلی درانی میں گیس کی بندش نے بچوں، بڑوں، خواتین کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ علاقے کے مکینوں کا کہنا ہے کہ گیس بالکل غائب ہے اور لوگ سرد موسم میں ہیٹر، چولہا اور گرم پانی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم ہو چکے ہیں۔ جبکہ محکمہ گیس عوام توجہ نے سوحرکال و مزید کیلئے ہنا دیا ہے۔ ..... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

شہید ولید صالح کا چہلم 28 نومبر کو پنجگور میں منائی جائے گی، میر رحمت صالح

شہید کے درجات کی بلندی کیلئے قرآن خوانی ہوگی اور تفکر تقسیم کیا جائے گا، رہنما، این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں پی بی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ شہید ولید صالح کا چہلم ..... بعد 28 نومبر کو پنجگور میں منعقد و اختتام سے ملایا جائے گا۔ شہید کے درجات کی بلندی کیلئے قرآن خوانی ..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کوئٹہ کا دورہ، کلی مالک کا ہیلی پیڈ کا معائنہ

بلوچستان کے عوام کو مسائل، مشکلات اور پریشانیوں میں دھکیل کر لاوارث اور حکومت کو روکی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، صوبائی امیر بے آئی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان امیر ایم ایم اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو مسائل مشکلات پریشانی میں دھکیل کر لاوارث اور حکومت کی پالیسی کی صورت قبول ..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا ہدایت الرحمٰن

بے آئی نے ہمیشہ ملکی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کا دفاع کیا ہے، مولانا عبدالواسع

تاریخ گواہ ہے کہ ہر نازک مرحلے پر قومی وحدت، فکری استحکام اور نظریاتی تسلسل کی حفاظت بے یو آئی نے اپنے سیاسی وجود کی قیمت پر کی ہے

آج بھی ملک کے نوجوانوں کی فکری رہنمائی اور نظریاتی تربیت کرنے والی سب سے موثر اور متفکر قوت جمعیت علمائے اسلام ہے، صوبائی امیر

قوت جمعیت علمائے اسلام ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے یو آئی نے ہمیشہ ریاستی اداروں، پارلیمنٹ، عدلیہ اور ..... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سی ای او پی ایچ ایچ آئی ڈاکٹر ایم ایل اجاجا سعید بکیڑ رجسٹریشن کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں